

# معلوماتی کتابچہ NYSITELL
# برائے والدین

Urdu | August 2015

**نیو یارک اسٹیٹ پبلک سکول سسٹم میں خوش آمدید! محکمہ تعلیم نیویارک (این وائی ایس ای ڈی) کے شعبہ دو لسانی تعلیم و دنیا کی زبانیں (او بی ای ڈبلیو ایل) کا مقصد اس امر کی یقین دہانی کروانا ہے کہ نیویارک کے تمام طلباء (این وائی ایس) بشمول انگریزی سیکھنے والے (ای ایل ایل ایس) متعدد زبانیں سیکھنے والے (ایم ایل ایل ایس)، اعلی تعلیمی کامیابی اور زبان پر مکمل عبور حاصل کریں۔ ہم اس امر کی یقین دہانی کے لیے جدوجہد کرتے ہیں کہ تمام طلباء کی تعلیم کے انفرادی راستے اور ان کی سماجی و جزباتی ضروریات متعدد زبانوں میں پوری کی جائیں جو انہیں کالج اور پیشہ وارانہ زندگی کی تیاری کی طرف لے جائیں۔**

## تعارف

انرولمنٹ کے وقت آپ نے نشاندہی کی تھی کہ آپ کے بچے کی مادری اور اولین زبان انگریزی کے علاوہ کوئی اور ہے اور ایک معلم نےاس کے لیے انگریزی زبان کی زائد معاونت کا تعین کرنے کے لیے اس کا انٹرویو کیاتھا۔ انٹرویو کے دوران اکٹھی کی گئی معلومات نے نشاندہی کی کہ آپ کا بچہ ای ایل ایل کے لیے اہل ہو سکتا ہے اور ایک ممکنہ ای ایل ایل / ایم ایل ایل کے طور پر جانا جا سکتا ہے۔ انگریزی کی زائد معاونت کے لیے آپ کےبچے کی اہلیت کی توثیق کے لیے، اب آپ کےبچے سے(این وائی ایس آئی ٹی ای ایل ایل)
New York State Identification Test for English Language لیا جائے گا۔

## این وائی ایس آئی ٹی ای ایل ایل کا مقصد کیا ہے؟

این وائی ایس آئی ٹی ای ایل ایل کا مقصد نئے طالب علموں کی انگریزی زبان کے لیول کا اندازہ لگانا ہے جن کی گھریلو یا بنیادی زبان انگریزی زبان کے علاوہ ہے۔ آپ کے بچے کا این وائی ایس آئی ٹی ای ایل ایل میں سکور (داخل ہونا ،ضم ہونا ،تبدیل ہونا ،وسیع ہونا اور کمانڈنگ) متعین کرتا ہے کہ آپ کا بچہ ای ایل ایل، انگریزی زبان کی سپورٹ سروس حاصل کرنے کے معیار پر پورا اترتا ہے کہ نہیں۔ یہ نتیجہ آپ کے بچے کی سننے، بولنے، پڑھنے اور لکھنے کی ضرورت پر مبنی بڑھیا پروگرام کا پلان بنانے میں اساتذہ کی مدد کرتا ہے

## NYSITELL کب لیا جاتا ہے؟

این وائی ایس آئی ٹی ای ایل ایل ممکنہ ای ایل ایل ایس / ایم ایل ایل ایس سے صرف ایک بار لیا جاتا ہے جب ان کا اندراج ریاست نیویارک کے سکول میں ہوتا ہے۔

## طلباء سےکس قسم کے سوالات پوچھے جاتے ہیں؟

این وائی ایس آئی ٹی ای ایل ایل میں سننے بولنے اور لکھنے سے متعلق کثیرالانتخابی سوالات، مختصر جوابات والے سوالات، وسیع جوابات والے سوالات اور زبانی جوابات شامل ہوں گے۔

## میں رزلٹ کیسے حاصل کرسکتا / سکتی ہوں؟

جس سکول میں آپ کا بچہ داخل ہے وہ آپ کو والدین کا نوٹیفیکیشن لیٹر بھیجے گا جس میں بچے کا لیول اور آپ کی طرف سے کیا مزید ایکشن لینے کی ضرورت کے بارے لکھا ہوتا ہے۔ اگر اس بات کی تصدیق ہو گئی ہے کہ آپ کا بچہ ای ایل ایل / ایم ایل ایل ہے توہ آپ کو ایک تعارفی میٹنگ میں شرکت کرنے کے لیے کہا جائے گا اور ساتھ ہی آپکے بچے کے لیے ای ایل ایل کے پروگرام کے وقت کے بارے میں بتایا جائے گا۔

### درجات عبور کا کیا مطلب ہے؟

آپ کے بچے کی حاصل کردہ سکور کے مطابق اسے ای ایل ایل / ایم ایل ایل تصور کیا جائے گا۔ مندرجہ ذیل ٹیبل میں عبور کے درجات کی تفصیل دی گئی ہے۔

| انگریزی زبان پر عبور کے درجے کی تفصیل Proficiency | | درجہ |
|---|---|---|
| خدمات کے لیے اہل | داخلی سطح پر ایک طالب علم جید تعلیمی زبان میں مہارت کے لیے معاونت اور ساخت پر بہت زیادہ انحصار کرتا ہےاور ابھی اس نے مختلف نوع کے تعلیمی پس منظروں (متن) میں انگریزی زبان میں عبور ظاہر کرنے کے لیے ضروری لسانی مہارت حاصل نہیں کی ہوتی۔ | داخلہ (شروعاتی) |
| | وہ طالب علم جس کا درجہ ابھرتا ہوا ہو وہ جید تعلیمی زبان میں مہارت کے لیے معاونت اور ساخت پر کچھ حد تک منحصر ہوتا ہے ابھی اس نے مختلف نوع کے تعلیمی پس منظروں (متن) میں انگریزی زبان میں عبور ظاہرکرنے کے لیے ضروری لسانی مہارت حاصل نہیں کی ہوتی۔ | ظہور (نیم درجہ) |
| | تبدیلی کے درجے پر طالب علم جید تعلیمی زبان میں مہارت کے لیے معاونت اور ساخت پر کچھ حد تک غیر منحصر ہوتا ہے لیکن ابھی بھی اسے مختلف نوع کے تعلیمی پس منظروں (متن) میں انگریزی زبان میں عبور ظاہر کرنے کے لیے ضروری لسانی مہارت حاصل کرنا ہوتی ہے۔ | تبدیلی (درمیانی درجہ) |
| | وسعت کے درجے پر طالب علم جید تعلیمی زبان میں مہارت کے لیے معاونت اور ساخت پر بالکل غیر منحصر ہوتا ہے اور اسے مختلف نوع کے تعلیمی پس منظروں (متن) میں انگریزی زبان میں عبور ظاہر کرنے کے لیے ضروری لسانی مہارت مہیا میسر ہوتی ہے۔ | وسیع (جید) |

### ٹیسٹ کی نگرانی اور درجہ بندی کون کرتا ہے؟

این وائی ایس آئی ٹی ای ایل کی نگرانی اور درجہ بندی ریاست نیو یارک کے قابل معلمین کی جانب سے کی جاتی ہے۔

### اگر میرےبچے کو آئی ای پی ہے تو کیا این وائی ایس آئی ٹی ای ایل کے دوران ٹیسٹنگ میں رعایات کی اجازت ہو گی؟

جی ہاں این وائی ایس آئی ٹی ای ایل پر کسی طالب علم کے آئی ای پی میں ٹیسٹنگ کےدوران رعایات کی اجازت ہے۔ آپ کے بچے کو دستیاب رعایات کی مخصوص معلومات کے لیے اپنے بچے کے استاد سے بات کریں۔

## اگر میرے بچے کی شناخت بطور ای ایل ایل / ایم ایل ایل ہو جائے تو اسے کونسی خدمات میسر ہونگی؟

اگر آپ کے بچے کی شناخت بطور ای ایل ایل / ایم ایل ایل ہوجائے تو اسے یہ خدمات میسر ہونگی؛ دو لسانی تعلیم (دو زبانی یا تغیراتی)، اور یا انگریزی بطور نئی زبان (ای این ایل) کی خدمات۔ آپ کے بچےکے عبور کی حد سے اس کے لیے ای ایل ایل خدمات کے اوقات (کلاس کےاوقات) کا تعین ہو گا جو اسے ہر ہفتے دی جائے گی۔ عبور کے مطابق مخصوص اوقات کے لیے درج ذیل چارٹ دیکھیں۔

| درجہ | کے گریڈ- فی ہفتہ ای این ایل ہدایات کے 8 منٹ | گریڈ 9 فی ہفتہ ای این ایل ہدایات کے 12 منٹ | دولسانی پروگرام میں طلباء |
|---|---|---|---|
| داخلہ<br>(شروعاتی) | 360 منٹ | 540 منٹ | گھریلو زبان کا آرٹس کورس<br>کم از کم 2 لسانی متن کے مضامین |
| ظہور<br>(نیم درجہ) | 360 منٹ | 360 منٹ | گھریلو زبان کا آرٹس کورس<br>کم از کم 2 لسانی متن کے مضامین |
| تبدیلی<br>(درمیانی درجہ) | 180 منٹ | 180 منٹ | گھریلو زبان کا آرٹس کورس<br>کم از کم 1 دو لسانی متن کے مضامین |
| وسیع<br>(جدید) | 180 منٹ | 180 منٹ | گھریلو زبان کا آرٹس کورس<br>کم از کم دولسانی متن کے مضامین |

## نتائج جاننے کے بعد میں کس طرح گھر میں مدد کر سکتا/سکتی ہوں۔

- اپنے بچے کو اس کی گھریلو/ اولین زبان اور / یا انگریزی میں پڑھ کرسنائیں (تحقیقات سے ظاہر ہوتا ہے کہ اپنے بچے کو اس کی گھریلو زبان میں سکھانا اس کی انگریزی کی مہارت میں معاونت کرے گا)۔
- اپنے بچے کو مادری / اولین زبان میں کہانیاں سنائیں۔
- اپنی قریبی لائبریری سے مادری / اولین زبان یا انگریزی میں آڈیو کتب حاصل کریں۔
- آپ کے سکول کی جانب سے منعقد کردہ والدین اور اساتذہ کی کانفرنسوں میں شرکت یقینی بنائیں۔
- اپنے بچے کی کامیابی کے مخصوص طریقوں کے بارے میں جاننے کے لیے اپنے بچے کے استاد کے ساتھ انفرادی ملاقات منعقد کریں
- روزانہ اپنے بچے کے لیےگھر کا کام کرنے کے وقت کا بندوبست کریں اور اگر ممکن ہو تو اسے کسی بہلاوے سے شور سے پاک خاموش جگہ دیں جس میں اس کا دہیان اِدھر اُدھر نہ ہو تاکہ وہ کام کر سکے۔
- خاندان کے ساتھ میوزم کی سیر کا پروگرام منعقد کریں۔ میوزم میں موجود گائیڈآپ کے بچے کے ساتھ نمائش کی سیر میں مدد کر سکتے ہیں۔
- میوزم اور لایبریریاں اکثر ہفتے کے آخری ایام میں یا سکول کے بعد کم قیمت پر اور / مفت میں افزودگی کی کلاسیں فراہم کرتے ہیں۔

سوالات اور رائے برائے ای ایل ایل سروسز کے لیے رابطہ کریں-

nysparenthotline@nyu.edu

ہیلپ لائن برائے والدین

(800) 469-8224

مزید سوالات

برائےمہربانی اپنے سوالات اور مشورے دفتر میں بھجوائیں

یا کال کریں

718-722-2445

مزید معلومات کے لیے وزٹ کریں

http:/www.p12nysed.gov/assessment/nysitell